PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر : PEF/QAI/ADU/2025/220 تاریخ : 14مارچ،2025

محترم / محترمہ پرنسپل

السلام علیکم!

عنوان: پیف سکولز میں Large Scale Assessment کا انعقاد

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ تمام پیف پارٹنرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر پنجاب ایگزامینیشن کمیشن منتخب سرکاری، پیف اور پیما سکولز کا سالانہ امتحان (لارج سکیل اسیمنٹ - LSA) منعقد کرتا ہے۔ اس امتحان کے نتائج پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی جانب سے مختلف حکومتی سطحوں پر پیش کیے جاتے ہیں۔ یہ نتائج حکومتی سطح پر پیف کی کارکردگی جانچنے کا اہم پیمانہ ہیں۔ لہذا منتخب شدہ پیف پارٹنرز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اس سال 17، مارچ 2025 سے منعقد ہونے والے LSA میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں۔ اس ضمن میں درج ذیل نکات پر خصوصی توجہ دیں۔

1۔ یہ ٹیسٹ چار بنیادی مضامین اردو، انگریزی، ریاضی اور سائنس کا ہو گا۔ ایک دن میں ایک مضمون کا ٹیسٹ ہو گا۔

2۔ ٹیسٹ جماعت ششم اور ہفتم (فل سکیل) اور ہشتم (پائلٹ) کے متعلقہ مضامین کی مکمل درسی کتب میں سے ہوگا۔

3۔ اردو اور انگریزی مضامین Assessment کے لیے Reading and Listening اور Speaking Fluency and Dictation کا ٹیسٹ بھی ہوگا۔

لہذا آپ سے گذارش کی جاتی ہے کہ 17 مارچ سے 21 مارچ 2025ء کے درمیان جماعت ششم، ہفتم (فل سکیل) اور ہشتم (پائلٹ) کے طلباء کی حاضری کو یقینی بنائیں۔

سیریل نمبر	دن	تاریخ	مضمون
1	پیر	17 مارچ 2025	انگلش
2	منگل	18 مارچ 2025	اردو
3	بدھ	19 مارچ 2025	انگلش اور اردو Listening Dictation, and and Reading & Speaking fluency Assessment
4	جمعرات	20 مارچ 2025	ریاضی
5	جمعہ	21 مارچ 2025	سائنس

4۔ Assessment کے پہلے دن منتخب ہونے والے طلباء کا ہی تمام مضامین کا امتحان لیا جائے گا۔

5۔ Assessment کے سوالات کثیر لانتخابی (MCQs) اور انشائیہ (CRQs) طرز کے ہوں گے۔

14.03.2025

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

6۔ اس امتحان کے نتائج طلباء کے فیل یا پاس ہونے کی بنیاد پر مرتب نہیں کیے جاتے بلکہ نتائج کسی بھی کلاس کے طلباء کے کسی ایک مضمون میں حاصل کیے گئے اوسط نمبروں کی بنیاد پر مرتب کیے جاتے ہیں۔لہذا تمام پارٹنرز طلباء کی اس طرح تیاری کروائیں کہ وہ ہر مضمون میں زیادہ سے زیادہ نمبر لیں۔

7۔امتحان شروع ہونے کا وقت، صبح 8:45 ہوگا۔

8۔ منتخب سکولز کا لارج سکیل اسیمنٹ میں شرکت کرنا ضروری ہے۔ عدم شرکت کی صورت میں محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نوٹ:۔ منتخب شدہ سکولوں کی لسٹ SIS لاگ ان میں اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔ان سکولوں کا LSA پلان کے مطابق منعقد ہو گا۔
ان سکولوں میں منتخب کردہ جماعتوں کی سکول بیسڈ اسیمنٹ، لارج سکیل اسیمنٹ کے بعد اسی دن ہی منعقد ہوگی۔

خیر اندیش

ڈاکٹر محمد یوسف
(ڈائریکٹر۔کیو۔اے۔آئی)

14.03.2025